◉ **مختصر ہدایۃ المستفید**، ابومحمد بدیع الدین شاہ، ترجمہ: عطاء للہ ثاقب۔ ناشر: دائرہ نور القرآن، دکان نمبر۸، وقاص سنٹر، محمد بن قاسم روڈ، نزد اُردو بازار، کراچی۔ صفحات: ۳۵۵۔ قیمت: ۱۵۰ روپے۔[عقیدے اور عمل کی توحید سے مطابقت اور شرک کے شائبے سے پاک کرنے کے لیے ایک مفید کتاب۔ مکمل کتاب (۲ حصے، صفحات ۱۶۸۶، ۱۹۷۴ء)، شاہ فیصل شہیدؒ نے اُردو دان طبقے میں تقسیم کروائی تھی۔ اب تلخیص شائع کی گئی ہے مگر یہ بھی موضوع کے تمام پہلوؤں پر محیط ہے۔]

◉ **تحفہ حرم**، مولانا مرغوب احمد لاجپوری۔ ناشر: بیت العلم ٹرسٹ، ایس ٹی/۹-ای، بلاک ۸، گلشن اقبال، کراچی۔ صفحات: ۲۸۲۔ مجلد قیمت: ۱۴۰ روپے۔[یہ کتاب آٹھ مقالات کا مجموعہ ہے۔ پہلا آبِ زم زم ۱۰۰ صفحات اور آخری عجوہ کھجور ۱۰ صفحات پر مشتمل ہے۔ دوسرے موضوعات حجرِ اسود، رکن یمانی، مقامِ ابراہیم اور ملتزم ہیں۔ ان موضوعات پر ضروری اور دل چسپ معلومات سلیقے سے جمع کردی گئی ہیں۔]

◉ **نماز کی کتاب**، حافظ عمران ایوب لاہوری، تحقیق و افادات: علامہ ناصر الدین البانی، ملنے کا پتا: نعمانی کتب خانہ، حافظ سٹریٹ، اُردو بازار، لاہور۔ صفحات: ۳۳۶۔ قیمت: ۱۳۵ روپے۔[مفصل اور جامع کتاب۔ نماز سے متعلق بیش تر مسائل (مثلاً ٹیپ ریکارڈر سے اذان) کے بارے میں احادیث کی روشنی میں رہنمائی۔ حدیث کی سند اور تخریج کا اہتمام۔ خواتین کے مسائل بھی زیر بحث آئے ہیں۔ معیاری کتابت و طباعت۔]

◉ **زلزلہ، زخم اور زندگی**، ڈاکٹر آصف محمود جاہ۔ ناشر: علم و عرفان پبلشرز، ۳۴-اُردو بازار، لاہور۔ ص ۱۴۴۔ قیمت: ۱۵۰ روپے۔[دو سال قبل شمالی علاقوں میں زلزلے نے تباہی مچائی۔ کسٹم ویلفیئر کلینک کے ڈاکٹر آصف محمود جاہ ایک جذبے سے اپنے ساتھ ہسپتال لے کر علاقے میں پہنچ گئے۔ اس ڈائری میں وہاں کے حالات ہیں اور ڈاکٹر موصوف کی غیر معمولی خدمات کا اندازہ ہوتا ہے۔ ان کے بارے میں متعدد کالم، آرا اور ان کے تین انٹرویو مع تصاویر بھی شاملِ اشاعت ہیں۔]

◉ **ماہنامہ الاحیاء**، لاہور، مدیر: جواد حیدر، زیرنگرانی: حافظ حمزہ مدنی۔ الاحیاء ریسرچ فاؤنڈیشن، ۴۹- جمشید سنٹر، ۱۰۰-فیروز پور روڈ، لاہور۔ زرسالانہ: ۲۰۰ روپے۔[نئے رسالے کا پہلا شمارہ ہے۔ 'ترقی جدت کو محلِ کراہت میں رکھنا' یا شوق تجدد میں انبیا کی تعلیمات سے انحراف کو بھی روا رکھنا' ان دو انتہاؤں کے درمیان آج کی انسانیت کے لیے حقیقی عقیدہ و ایمان کا احیا اس رسالے کا نصب العین ہے۔ کئی اہم موضوعات پر معیاری تحریریں۔ قابلِ ذکر نکاح میسار پر ۳۰ صفحات کی سیر حاصل بحث۔]

اہم گزارش: اس رسالے میں اشتہار دینے والے اداروں یا افراد سے معاملات کی کوئی ذمہ داری ماہنامہ ترجمان القرآن کی انتظامیہ کی نہیں ہے۔ قارئین اپنی ذمہ داری پر معاملات کریں۔ (ادارہ)